خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

No.F.2/08/2020/S.I/part file/228

Dated:15.06.2020

حکم نامہ

چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (ڈی ڈی ایم اے) اس امر کا اطمینان کر چکی ہے کہ خطہ قومی راجدھانی دہلی میں کووڈ-19 کی وبا پھیلنے کا اندیشہ ہے، جسے عالمی تنظیم صحت پہلے ہی عالمی وبا قرار دے چکی ہے، اور اسے خطہ قومی راجدھانی دہلی میں پھیلنے سے روکنے کے لیے مؤثر اقدامات لینا ضروری سمجھتی ہے؛

نیز چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے صورت حال سے مناسب طور پر نپٹنے کی غرض سے تمام ضروری اقدامات لینے کے لیے متعلقہ اتھارٹیز کو وقتاً فوقتاً مختلف احکامات / ہدایات جاری کی ہیں؛

نیز چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے حکم نامہ نمبر F/2/08/2020/S.I/part file/194 مؤرخہ 24.05.2020 جاری کیا ہے جس کے تحت درون ملک سفر (ہوائی جہاز/ٹرین/بین الریاستی بس سے سفر) کے لیے وزارت صحت اور خاندانی بہبود، بھارت سرکار کی جاری کردہ رہنما ہدایات شائع کی گئی ہیں جن میں دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے حکم نامہ نمبر F/2/08/2020/S.I/part file/216 مؤرخہ 03.06.2020 کے ذریعے وزارت صحت اور خاندانی بہبود، بھارت سرکار کی مذکورہ بالا رہنما ہدایات کے خود اپنی نگرانی رکھنے/قرنطینہ کے متعلق پوائنٹ نمبر 9 کے تعلق سے جزوی طور پر ترمیم کی گئی تھی؛

لہٰذا اب، مذکورہ بالا حکم ناموں مؤرخہ 24.05.2020 اور 03.06.2020 کے تسلسل میں اور ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ، 2005 کی دفعہ 22 کے تحت تفویض کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، ذیل میں دستخط کنندہ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکٹو کمیٹی، ڈی ڈی ایم اے کے چیئرپرسن کی حیثیت سے بذریعہ ہٰذا ہدایات دیتا ہے کہ تمام آئینی اور سرکاری عہدے دار اور ان کے ساتھ سرکاری کام سے ریاستوں میں سفر کرنے والے عملے کے اراکین، علامات ظاہر نہ ہونے کی صورت میں، سات دن تک گھر میں قرنطینہ کے حکم سے مستثنیٰ ہیں۔ تاہم، انھیں 14 دن تک خود اپنی صحت کی نگہداشت کرنے کی صلاح دی جاتی ہے۔ کوئی علامت ظاہر ہو جانے کی صورت میں انھیں ڈسٹرکٹ سرولانس آفیسر یا ریاستی/قومی ہیلپ لائن (1075) پر اطلاع دینی چاہیے۔

(وجے دیو)

چیف سیکرٹری، دہلی

نقل برائے تعمیل بخدمت:

1. ایڈیشنل سیکرٹری، وزارت شہری ہوابازی، بھارت سرکار
2. چیئرپرسن، ایرپورٹ اتھارٹی آف انڈیا
3. مس اوشاپاڑھی، جوائنٹ سیکرٹری، وزارت شہری ہوابازی، بھارت سرکار
4. ڈائرکٹر جنرل، بیوروآف سول ایوی ایشن سکیورٹی
5. جنرل منیجر، ناردرن ریلوے
6. کمشنر آف پولیس، دہلی
7. چیئرمین، نئی دہلی میونسپل کونسل
8. پرنسپل سیکرٹری (صحت اور خاندانی بہبود)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
9. سیکرٹری نیز کمشنر (ٹرانسپورٹ)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
10. کمشنر (جنوبی دہلی میونسپل کارپوریشن / مشرقی دہلی میونسپل کارپوریشن / شمالی دہلی میونسپل کارپوریشن)
11. مینجنگ ڈائرکٹر، دہلی ٹرانسپورٹ کارپوریشن
12. سی ای او، دہلی کنٹونمنٹ بورڈ
13. دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
14. دہلی پولیس کے تمام ڈسٹرکٹ ڈپٹی کمشنر
15. ڈائرکٹر (ڈی آئی پی)، خطہ قومی راجدھانی دہلی میں وسیع تشہیر کے لیے

نقل برائے اطلاع بخدمت:

1. عزت مآب وزیر صحت اور خاندانی بہبود، بھارت سرکار کے پرائیویٹ سیکرٹری
2. عزت مآب وزیر ریلوے، بھارت سرکار کے پرائیویٹ سیکرٹری
3. عزت مآب وزیر مملکت شہری ہوابازی (آزاد چارج)، بھارت سرکار کے پرائیویٹ سیکرٹری
4. عزت مآب لیفٹننٹ گورنر، دہلی کے پرائیویٹ سیکرٹری
5. عزت مآب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے ایڈیشنل سیکرٹری
6. عزت مآب نائب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
7. عزت مآب وزیر صحت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
8. عزت مآب وزیر ریوینیو، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
9. عزت مآب وزیر محنت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری

10. عزت مآب وزیر سماجی بہبود، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
11. عزت مآب وزیر غذا اور رسد، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
12. ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ہوم)، دہلی
13. پرنسپل سیکرٹری (ریوینیو) نیز ڈویژنل کمشنر، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
14. ڈی ڈی ایم اے، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکیٹو کمیٹی کے تمام اراکین
15. سسٹم انالسٹ، آفس آف ڈویژنل کمشنر، دہلی، اس حکم نامے کو ویب سائٹ ddma.delhigovt.nic.in پر ڈالنے کے لیے۔
16. گارڈ فائل